مسجدوں میں بم دھماکہ کرنے والے دہشت گرد مسلمان ہرگز نہیں ہوسکتے ہیں بلکہ یہ دہشت گرد دین وایمان سے عاری، انتہائی شیطان صفت، دہشت گردی اور سفاکیت پر یقین رکھتے ہیں، الطاف حسین

نوشہرہ میں اخوند بابا کے مزار کے قریب مسجد میں بم دھماکے پر اظہار مذمت، متعدد نمازیوں کی شہادت، خواتین اور بچوں کے زخمی ہونے پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔4، مارچ 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صوبہ خیبر پختونخواہ کے شہر نوشہرہ کے علاقے اکبر پورہ میں اخوند بابا کے مزار کے قریب مسجد میں بم دھماکے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور دھماکے میں متعدد افراد کی شہادت اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ جمعۃ المبارک والے دن مسجد میں نماز کی ادائیگی کے بعد لنگر تقسیم کیا جارہا تھا کہ اس دروان دھماکہ ہوگیا جس سے متعدد نمازی، خواتین اور بچوں سمیت درجنوں شہید وزخمی ہوگئے۔ انہوں نے کہا کہ دین اسلام امن وسلامتی کا مذہب ہے اور اسی کا درس دیتا ہے، مسجدوں میں بم دھماکہ کرنے والے دہشت گرد مسلمان ہرگز نہیں ہوسکتے بلکہ یہ دہشت گرد دین وایمان سے عاری، انتہائی شیطان صفت، دہشت گردی اور سفاکیت پر یقین رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بم دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور دھماکے میں زخمی ہونے والے نمازیوں، خواتین اور بچوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ نوشہرہ میں اخوند بابا کے مزار کے قریب مسجد میں بم دھماکے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، درندہ صفت دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، عوام کی جان ومال کے تحفظ اور ملک کو دہشت گردی کے عفریت سے نجات دلانے کیلئے تمام تر حکومتی وسائل اور ذرائع استعمال میں لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆